E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | جمعہ 30 اکتوبر 2026ء/18 جمادی الاول 1448ھ/ قیمت 10 روپے | شمارہ 258

وزیراعلیٰ کا پنجاب آئی سی یو اور کنٹرول روم کا دورہ، آپریشن تھیٹر کی گیلری سے نیورو سرجریز کا مشاہدہ ، مریضوں کی عیادت اور جلد صحتیابی کی دعا

وزیراعلیٰ کا سٹروک ڈے پر پانچ ارب روپے کے اضافی فنڈز دینے کا اعلان

فالج کے کسی مریض کا علاج فنڈز کی کمی کی وجہ سے نہیں رکنے دیں گے، درکار فنڈز کے بارے میں براہ راست مجھے بتایا جائے مریم نواز

لوگوں کی بھلائی اور بہتری کیلئے اختیار ملنا اللہ تعالیٰ کا انعام ہے،ہنر جیسے ادارے کی سربراہی خوش قسمتی ہے، 40 پرائمری سٹروک سنٹرز آپریشنل ہو چکے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سٹروک ڈے پر پانچ ارب روپے کے اضافی فنڈز دینے ، ہر ڈویژنل ہیڈ کوارٹر پر سٹروک سنٹر، کارڈیک، پیڈیاٹرک سنٹر اور کینسر ہسپتال بنانے کا اعلان کیا ہے، جناح انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں ہارٹ ٹرانسپلانٹ سرجری جلد شروع کرنے کا اعلان بھی کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ورلڈ سٹروک ڈے کی مناسبت سے پنجاب میں منعقدہ تقریب میں خصوصی شرکت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب آئی سی یو اور کنٹرول روم کا دورہ کیا اور آپریشن تھیٹر کی گیلری سے نیورو سرجریز کا مشاہدہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے آئی سی یو میں سے فالج زدہ مریضوں کی بحالی کے عمل کا بھی مشاہدہ کیا۔ پنجاب نیورو اوپی کے انچارج ڈاکٹر قاسم بشیر اور پنجاب (باقی صفحہ اندرونی نمبر 1)



اسلام آباد: نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

معاون خصوصی وزیراعلیٰ پنجاب برائے پبلک پرائیویٹ شعبہ رانا بلال احمد کی زیر صدارت اجلاس

لاہور (این این آئی) معاون خصوصی وزیراعلیٰ پنجاب برائے پبلک پرائیویٹ شعبہ رانا بلال احمد کی زیر صدارت سینئر افسر پراپرٹیشن ڈویلپمنٹ فار پرائیویٹ لرز (سی پی ڈیولپرز) پرائیویٹ شعبہ کنسٹرکشن انڈسٹری کے نمائندوں کے ساتھ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں دونوں اداروں میں اطلاعات اور استعداد کار میں اضافے کے لیے مختلف تجاویز کا جائزہ لیا گیا۔

تعلیمی پروگراموں کو صنعتی ضروریات سے ہم آہنگ کرنا ضروری ہے، رانا مشہود

جون 2026 میں ٹینگ انٹرنیشنل ایجوکیشن گروپ میں وزیراعظم یوتھ پروگرام پاکستان کے چینی سیکرٹریٹ کا قیام عمل میں لایا گیا۔

وزیراعظم یوتھ پروگرام تعلیم، روزگار، شمولیت اور ماحولیات پر مشتمل چار بنیادی ستونوں کے تحت نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے کوشاں ہے

چیئرمین یوتھ پروگرام کا فنی و پیشہ ورانہ تعلیم، تکنیکی تربیت اور نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع بڑھانے کیلئے عالمی شراکت داری مزید مضبوط بنانے پر زور

بیجنگ (این این آئی) وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے فنی و پیشہ ورانہ تعلیم، تکنیکی تربیت اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع بڑھانے کے لیے صنعتی ضروریات سے ہم آہنگ کرنا ضروری ہے تاکہ نوجوانوں کے لیے پائیدار معاشی مواقع پیدا کیے جا سکیں۔ بلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو انڈسٹری ایجوکیشن کوآپریشن فورم سے خطاب کرتے ہوئے رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ پاکستان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 14)



لاہور: چیئرمین پنجاب یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی پروفیسر اقبال پیرزادہ سے الکوٹ چیمبر آف کامرس کے وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

گورنمنٹ ڈگری کالج سمن آباد فیصل آباد میں وفاقی محتسب کی آگاہی مہم کا انعقاد

شہری وفاقی اداروں کے خلاف اپنی شکایات بذریعہ ڈاک، آن لائن یا ذاتی طور پر جمع کروا سکتے ہیں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب کے اداروں کے خلاف عوام کی آگاہی کیلئے ایک روزہ رشتہ کریں اور ادارہ جاتی شکایات کے ازالے کیلئے وفاقی محتسب کے دفاتر سے رجوع کریں۔ اس موقع پر طلبہ کو وفاقی محتسب کے ادارے کے طریق کار، اس کے دائرہ کار اور شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کے حوالے سے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 15)



فیصل آباد، پاکستان میں تر شاوہ بچاؤں کا قاتل کا شت رقبہ ایک لاکھ 99 ہزار ہیکٹر تک پہنچ گیا

تر شاوہ بچاؤں کا قاتل کا شت رقبہ ایک لاکھ 99 ہزار ہیکٹر تک پہنچ گیا اور پیداوار بھی 21 لاکھ ٹن سالانہ تک جا پہنچی ہے۔ سٹرس فروٹ ریسرچ سینٹر، ریذیڈنٹ ماہرین زرعی توسیع ایجنٹس پاکستان کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 16)

سائبر سکیورٹی اب ہر شہری کے تحفظ کا معاملہ ہے، وفاقی وزیر آئی ٹی

ہم بلا سوچے سمجھے اپنے گھروں کے باہر کی تصاویر، بچوں کے سکول، گاڑیوں کے نمبر اور خاندانی تفصیلات آن لائن شیئر کرتے ہیں

والد کو بھی مصنوعی ذہانت کے ذریعے کزن کی وائس کلوننگ اور انوکھا کے جھوٹے ڈرامے کے تحت تاوان کی کال موصول ہوئی، شہزاد فاطمہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن شہزاد فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ جدید سائبر فراڈ اور ڈیجیٹل اسکیمز سے معاشرے کا کوئی بھی طبقہ محفوظ نہیں رہا، جن کی کال سے کلوننگ اور انوکھا کے جھوٹے ڈرامے کے تحت تاوان کی کال موصول ہوئی۔ جمعرات کو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 17)

لیوی کو اکٹھا کر کے خزانے میں جمع کرا دینا ہماری ذمہ داری ہے، علی پرویز ملک

بلوچستان سے گیس کے 3 لاکھ صارف ہیں، ڈھائی لاکھ کوئٹہ میں ہیں

امید تھی ریگولیٹرز اپنی صلاحیت بہتر کریں گی۔ ریگولیٹری کو آتھارٹی پی پی ایف فارمولا کے تحت چلنا تھا۔ کہ 3 ماہ سے پیٹرولیم لیوی اور سیکسٹر اوگرکی ویب سائٹ پر ہے، پٹرول اور ڈیزل پر لیوی 80 روپے لیٹر ہے۔ سینیٹر فاروق ایچ نائیک نے سوال کیا کہ پٹرول کی خریداری کی لینڈنگ کاسٹ کیا ہے؟

اسلام آباد (این این آئی) وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے سینیٹ میں جواب دیتے ہوئے کہا کہ پٹرولیم لیوی اپنی صلاحیت بہتر کریں گی۔ ریگولیٹری کو آتھارٹی پی پی ایف فارمولا کے تحت چلنا تھا۔ کہ 3 ماہ سے پیٹرولیم لیوی اور سیکسٹر اوگرکی ویب سائٹ پر ہے، پٹرول اور ڈیزل پر لیوی 80 روپے لیٹر ہے۔ سینیٹر فاروق ایچ نائیک نے سوال کیا کہ پٹرول کی خریداری کی لینڈنگ کاسٹ کیا ہے؟

اگلے وزیراعلیٰ کا تو پتہ نہیں لیکن سہیل آفریدی وزیراعلیٰ نہیں رہیں گے، شیر افضل مروت

پشاور (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ اگلے وزیراعلیٰ کا تو پتہ نہیں کون ہو گا لیکن سہیل آفریدی وزیراعلیٰ نہیں رہیں گے۔ پشاور ہائیکورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیر افضل مروت نے کہا کہ 9 مئی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)



راولپنڈی: ایس راحیل اکیس یونین سٹی پینتھنز ویلفیئر سوسائٹی چیمپئن شپس جیتنے والے کھلاڑیوں کا مہمان خصوصی کے ہمراہ گروپ فوٹو

موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کیلئے جدید زرعی طریقوں کا فروغ ناگزیر ہے

صوبے میں محفوظ خوراک کی فراہمی کے لیے خوراک کی تیاری، ذخیرہ، ترسیل اور فروخت کے تمام مراحل کی مؤثر نگرانی ناگزیر ہے

غذائی تحفظ، عوام کو معیاری اور ملاوٹ سے پاک خوراک کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، صوبائی وزیر فوڈ سیفٹی

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن سلمیٰ رفیق نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے بڑھتے ہوئے اثرات سے نمٹنے، غذائی تحفظ یقینی بنانے اور عوام کو معیاری و ملاوٹ سے پاک خوراک کی فراہمی حکومت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 19)

سکھر پولیس کی کارروائیاں، منشیات اور شراب سمیت 7 ملزمان گرفتار

تمام گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔

سکھر (این این آئی) سکھر پولیس نے سماجی برائیوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے منشیات اور شراب سمیت 7 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق ملزمان کے قبضے سے مجموعی طور پر 5 ہزار 260 گرام چرس اور شراب کی 23 بوتلیں برآمد ہوئی ہیں، جبکہ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔ ترجمان سکھر پولیس کے جاری کردہ بیان کے مطابق ایس ایس پی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 9)

الیف بی آر فیصل آباد کی واپڈا اسٹی فیئرز مون سوسائٹی کے دفتر پر کارروائی

سوسائٹی انتظامیہ کا مؤقف، ٹیرف کے دو ہولڈنگ ٹیکس معاملے پر قانونی مشاورت جاری

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) دی الیف بی آر فیصل آباد کے افسران و عملے کی جانب سے واپڈا ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کے دفتر واقع واپڈا ٹاؤن فیز ون فیصل آباد میں ریڈ کیا گیا جس میں ایک نوٹس موقع پر ہی وصول کروایا گیا کہ اطلاع ملی ہے کہ واپڈا ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی جو کہ الیف بی آر کا دو ہولڈنگ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)

بلاول بھٹو کا پیغام لیکر اپوزیشن لیڈر کے پاس گئے، راجہ پرویز اشرف

پی ٹی آئی پارلیمنٹ میں اپنا کردار ادا کرے، رہنما پیپلز پارٹی کی عمر ایوب کھوکھر سے ملاقات کے بعد گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سابق وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو کا پیغام لے کر اپوزیشن لیڈر کے پاس گئے تھے، محمود خان اچکزئی نے ہمارے پیغام کا خیر مقدم کیا، اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے راجہ پرویز اشرف (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

مصنوعی ذہانت قدرتی انسانی ذہانت کا متبادل نہیں

ٹیکنالوجی کا مقصد انسانی زندگی کو آسان بنانا ہے، بین الاقوامی کانفرنس کا اعلامیہ

کراچی (این این آئی) وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی (FUUAST) اور انٹرنیشنل سینٹر فار کیمیکل اینڈ بائیولوجیکل سائنسز (ICCBS)، جامعہ کراچی کے اشتراک سے منعقدہ تین روزہ بین الاقوامی کانفرنس "مصنوعی ذہانت کے لیے اسمارٹ مین: ماحولیاتی نظام (باقی صفحہ اندرونی نمبر 11)

سابق گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور کی جانب سے فرانسیسی سفیر کے اعزاز میں عشائیہ

تقریب میں فرانسیسی سفیر کی اہلیہ سمیت مختلف کاروباری شخصیات، صحافیوں و دیگر نے شرکت کی

لاہور (این این آئی) سابق گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور اور سرور فاؤنڈیشن کی چیئرپرسن پروین سرور کی جانب سے فرانس کے سفیر اوں ڈومل پوئیزت کے اعزاز میں عشائیہ ہوٹل میں ایک پروقار عشائیے کا اہتمام کیا گیا، جس میں فرانسیسی سفیر نے اپنی اہلیہ اور سفارت خانے کے اعلیٰ حکام کے ساتھ شرکت کی۔ چوہدری (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)

پنجاب پولیس میں ریٹائرڈ ہونے والے 2584 کانسٹیبلری کی تنخواہوں کا معاملہ حل

صوبائی کابینہ کے کانسٹیبلری کی تنخواہیں جاری کرنے سے متعلق زمینی سمری کی باقاعدہ منظوری دے دی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پنجاب پولیس میں ریٹائرڈ ہونے والے 2584 کانسٹیبلری کی تنخواہوں کے اجرا کی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے گزشتہ روز (باقی صفحہ اندرونی نمبر 21)

قرار کر ایمبولنس حادثہ، جاں بحق افراد کے ورثا کو 20 لاکھ روپے فی کس دینے کا اعلان

چیئرمین پیپلز پارٹی نے واقعے کا نوٹس لے لیا، شفاف تحقیقات کی ہدایات جاری کر دیں

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے قرار کر میں ایمبولنس حادثے میں جاں بحق 9 افراد کے لواحقین کے لیے فی کس 20 لاکھ روپے کا اعلان کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق انہوں نے ہدایت کی کہ حادثے میں زخمی ہونے والے تمام افراد کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 20)



لاہور: سپریم کورٹ بار کے سالانہ انتخابات کے موقع پر خواتین ووٹرز کا بیلٹ پیپر لیتے ہوئے

پنجاب کے مزید 6 ہزار 460 سرکاری سکول ٹھیکے پر دینے کا فیصلہ

چوتھے مرحلے میں پہلی بار 600 ہائی سکول بھی منصوبے میں شامل کرنے کی تجویز

منصوبے کے پہلے تین مراحل میں 13 ہزار 600 سکول ٹھیکے پر دیئے جا چکے ہیں

لاہور (این این آئی) محکمہ تعلیم پنجاب نے سرکاری سکولوں کو ٹھیکے پر دینے کے چوتھے مرحلے کا آغاز کر دیا، جس کے تحت مزید 6 ہزار 460 سرکاری سکول ٹھیکے پر دیئے جائیں گے، پہلی بار 600 ہائی سکول بھی اس منصوبے میں شامل کرنے کی تجویز کی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق چوتھے مرحلے میں 5 ہزار 860 پرائمری اور مڈل سکولوں سمیت مجموعی طور پر 6 ہزار 460 سرکاری سکولوں کو ٹھیکے پر دیا جائے گا۔

کارروائی ماحول کی بہتری کے لیے ہے، ڈیجیٹلائزیشن سمیت تمام ممکنہ اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں

کاروباری سرگرمیوں کے تسلسل، سرمایہ کاروں کے اعتماد اور معاشی ترقی کے لیے پُرامن ماحول بنیادی اہمیت رکھتا ہے

بہتر سیکیورٹی اور سازگار کاروباری ماحول سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی اور تجارتی سرگرمیوں کو مضبوط بنانے میں مددگار ثابت ہو سکتے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے ایڈیشنل چیف سیکرٹری انڈسٹریز اینڈ کامرس ایجوکیشن، صنعت و تجارت کے صوبائی سیکرٹری اور چیف ایگزیکٹو آفیسر پنجاب انویسٹمنٹ بورڈ کی ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں کاروباری برادری کو درپیش مسائل کے حل، صنعت و تجارت کے فروغ اور کاروباری ماحول کی بہتری کے لیے تمام اقدامات اٹھانے پر اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری پنجاب کو ہدایت کی گئی کہ کاروباری برادری کے تحفظات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا کہ صنعت و تجارت کی ترقی اور کاروباری ماحول کی بہتری کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ پنجاب کو کاروبار دوست صوبہ بنانے کے لیے ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کو تیز کیا جائے اور کاروبار کے حوالے سے تمام رکاوٹیں دور کی جائیں۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 7)

مولانا تقریر کر رہے تھے، لگتا ہے جواب آصف ہاتھ جوڑ رہے تھے، خواجہ آصف کا دینے کی ہدایت آئی، عالیہ کے مہمان

اسلام آباد (این این آئی) جے یو آئی ف کے رکن عالیہ کامران نے کہا ہے کہ جب مولانا تقریر کر رہے تھے تو خواجہ آصف ہاتھ جوڑ رہے تھے۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)

امریکا، جوہری مرکز کی لیبارٹری میں آگ لگ گئی، ہنگامی حالت کا اعلان

لیبارٹری سے کسی قسم کے جوہری مواد یا تابکاری کے اخراج کے شواہد نہیں ملے، حکام

واشنگٹن (این این آئی) امریکی جوہری مرکز میں ایک خطرناک واقعہ پیش آیا ہے۔ مطابق آگ لگنے کے نتیجے میں ایک خطرناک معمولی زخمی ہوا ہے۔ ریاست سانتا فے کاؤنٹی کے جوہری مرکز میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ حکام لیبارٹری کے اندر آگ لگنے کے بعد ہنگامی کل مولانا تقریر کر رہے تھے تو خواجہ آصف کے مطابق آگ فوری طور پر بجھا دی گئی جس کے بعد ہنگامی حالت کا اعلان کر دیا گیا۔ امریکی حکام کے حالت واپس لے لیا گیا۔

Scanned with CamScanner

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ

پبلک

فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف: وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول مین پور بازار سے چھپوا کر بلاٹ نمبر 289-P بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

تعلیمی پروگراموں کو صنعتی ضروریات سے ہم آہنگ کرنا ضروری ہے

وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے فنی و پیشہ ورانہ تعلیم تکنیکی تربیت اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع بڑھانے کے لیے بین الاقوامی شراکت داری مزید مضبوط بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ تعلیمی پروگراموں کو صنعتی ضروریات سے ہم آہنگ کرنا ضروری ہے تاکہ نوجوانوں کے لیے پائیدار معاشی مواقع پیدا کیے جا سکیں۔ یہ بلاٹ اینڈ روڈ انٹرنیشنل انڈسٹری ایجوکیشن کنونشن کو آرٹیشن فورم سے خطاب کرتے ہوئے رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ پاکستان نوجوانوں کو بااختیار بنانے، صنعتی ترقی اور مشترکہ معاشی خوشحالی کے فروغ کے لیے بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ عملی اور پائیدار تعاون کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے حکومت پاکستان کی جانب سے فورم کے انعقاد پر کنفیڈریشن کو مبارک باد دی اور تعلیم و مہارتوں کی ترقی کے شعبوں میں بین الاقوامی تعاون کو مضبوط بنانے کے لیے مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرنے پر بیونگ انٹرنیشنل ایجوکیشن گروپ کا شکریہ ادا کیا۔ صنعت اور تعلیم کے باہمی اشتراک کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ نوجوان ہر ملک کا قیمتی ترین سرمایہ اور قومی ترقی و سماجی پیش رفت کے اہم محرک ہوتے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ تعلیم کو محض درس گاہوں تک محدود نہیں رہنا چاہیے بلکہ اسے صنعتوں کی بدلتی ضروریات اور تکنیکی ترقی کے تقاضوں سے براہِ راست ہم آہنگ ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ فنی و پیشہ ورانہ تعلیم اور تکنیکی تربیت نوجوانوں کی عملی مہارتوں، روزگار کے حصول کی صلاحیت اور کاروباری استعداد بہتر بنانے کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہیں خصوصاً ڈیجیٹل معیشت، جدید مینوفیکچرنگ، توانائی اور صحت کے شعبوں میں جہاں ترقی کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے وژن کے تحت نوجوانوں کی ترقی حکومت پاکستان کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم یوتھ پروگرام تعلیم، روزگار، شمولیت اور ماحولیات پر مشتمل چار بنیادی ستونوں کے تحت نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے کوشاں ہے کہ قومی یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی کے تحت نوجوانوں کو بامقصد اور نتیجہ خیز روزگار فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان فنی و پیشہ ورانہ تعلیم، صنعتی ترقی اور ہنرمندی کی تربیت کے شعبوں میں چین کے تجربات سے استفادہ کرنے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو عملی اقدامات میں تبدیل کیا جائے۔

منڈی بہاؤالدین میں تعلیمی ترقی، عوامی خدمت اور میرٹ کے فروغ کے لیے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے اقدامات

تجزیہ۔ راجا محمد الیاس کیانی

مختلف مقامات پر پرتپاک استقبال بھی مقامی سطح پر اس دورے کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ شہر کی سماجی دوری کے بعد وزیراعلیٰ کا منڈی بہاؤالدین میں تعلیمی منصوبوں، علمی شعبوں، شہری ترقی اور نوجوانوں کی ضروریات پر توجہ اسی لیے اہم ہے کہ ان شعبوں میں سرمایہ کاری کے اثرات آنے والے برسوں تک محسوس کیے جائیں گے۔ یہ فیصلہ بھی بروقت اور معیاری سہولتوں کی فراہمی سے صرف مقامی معیشت کو مضبوط بنانے اور انسانی وسائل کی ترقی میں بھی مدد دے گا۔

یونیورسٹی آف رسول میں لیپ ٹاپ اور ہونہار سکالرشپ پروگرام کے تحت طلبہ میں وسائل کی تقسیم وزیراعلیٰ کے دورے کا نمایاں پہلو تھا۔ اس موقع پر مریم نواز شریف نے کامیاب طلبہ کے ساتھ ان کے والدین کو بھی مبارکباد دی اور شرکا سے کہا کہ یہ انعامات اس حقیقت کی یاد دہانی تھا کہ کسی طالب علم کی کامیابی کے پیچھے اس کی اپنی محنت اور صلاحیت کے ساتھ والدین کی قربانیاں، مالی جدوجہد، دعائیں اور مسلسل حوصلہ افزائی بھی شامل ہوتی ہے۔ بہت سے گھرانوں میں والدین اپنی ضروریات اور خواہشات کو محدود کر کے بچوں کی تعلیم کے اخراجات پورے کرتے ہیں۔ ایسے حالات میں تعلیمی وظائف اور جدید آلات کی فراہمی ان خاندانوں کے لیے حقیقی سہارا بن سکتی ہے۔

ڈیجیٹل دور میں لیپ ٹاپ محض ایک الیکٹرانک آلہ نہیں، بلکہ علم، تحقیق، ہنر اور روزگار کے وسیع امکانات تک رسائی کا ذریعہ ہے۔ یونیورسٹی کا طالب علم اس کے ذریعے عالمی مواد تک رسائی حاصل کر سکتا ہے، تحقیقی کام بہتر انداز میں انجام دے سکتا ہے، جدید ٹیکنالوجی سیکھ سکتا ہے اور اپنی بہتر ورانہ صلاحیتوں کو نکھار سکتا ہے۔ اسی طرح تحقیق اور قابل طلبہ کے لیے وظائف کی اہمیت اس وجہ سے بڑھ جاتی ہے کہ مالی مشکلات اکثر ذہین نوجوانوں کو اپنی تعلیم جاری رکھنے میں رکاوٹ محسوس ہوتی ہیں۔ اگر ایسے نوجوانوں کو بروقت مالی معاونت مل جائے تو وہ اپنی خداد کو خراج تحسین پیش کرنے کی دہائی دے سکتے ہیں۔

یہ اظہار

بیتیسویں 1

ڈی سی ایچ کو ڈائریکٹر آصف بشیر نے دریافتی معرکہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ ڈائریکٹر پاکستان سٹڈی سنٹر پروفیسر ڈاکٹر ایمانوئیل سٹرلنگ سمیت ڈائریکٹر انسٹیٹیوٹ آف ایڈوانسڈ بلڈ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر کامران رانجھا، ڈائریکٹر سٹوک سوسائٹی ریسرچ سنٹر پروفیسر ڈاکٹر ہیلن ہیوز، سٹوک آکادمی ریسرچ فیلو ڈاکٹر ایمانوئیل ٹیلر، ڈائریکٹر ڈیجیٹل ہیومینٹیز لیبارٹری پروفیسر ڈاکٹر ایلیسن ہیگنز، ڈائریکٹر کلینیکل ریسرچ یونٹ

منٹگمری بازار الیکشن، سکا گروپ نے ریاض شاہد کو صدر امیدوار نامزد کر دیا

خواجہ شاہد رزاق سکا اور شیخ سعید احمد کی قیادت میں میاں ریاض شاہد بازار کے تاجروں کو درپیش مسائل حل کرانے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں

صدارت کے امیدوار ڈپٹی سیکرٹری میاں ریاض شاہد نے اپنی نامزدگی پر صدر انجمن تاجران سٹی فیصل آباد خواجہ شاہد رزاق سکا اور ایگزیکٹو باڈی کے ارکان کا شکریہ

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے سرپرست اعلیٰ و صدر انجمن تاجران سٹی فیصل آباد خواجہ شاہد رزاق سکا کی زیر صدارت ایگزیکٹو باڈی کے خصوصی اجلاس میں منٹگمری بازار کے الیکشن میں ڈپٹی سیکرٹری میاں ریاض شاہد کو صدارت کے عہدے پر نامزد کرنے کے اعلان کی تائید و حمایت کرتے ہوئے انکی کامیابی کیلئے مکمل رابطہ مہم شروع کا عندیہ دیا اجلاس میں جنرل سیکرٹری شیخ سعید احمد، ڈپٹی سیکرٹری میاں ریاض شاہد، چیئرمین مرزا اشرف مغل، صدر ینگ ٹریڈرز ملک سہیل نیاز طور، جنرل سیکرٹری ملک عباس اشرف، چوہدری اعجاز احمد، چوہدری اشرف گجر، مرزا مظہر صدیق بیگ اور سینئر رہنماؤں نے شرکت کی اور یقین ظاہر کیا کہ خواجہ شاہد رزاق سکا اور شیخ سعید احمد کی قیادت میں میاں ریاض شاہد بازار کے تاجروں کو درپیش مسائل حل کرانے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں اجلاس میں اللہ تعالیٰ کے حضور خواجہ شاہد رزاق سکا کی صحت یابی کیلئے دعا کی گئی۔ منٹگمری بازار کے الیکشن میں صدارت کے امیدوار ڈپٹی سیکرٹری میاں ریاض شاہد نے اپنی نامزدگی پر صدر انجمن تاجران (باقی صفحہ اندرونی نمبر 22)

مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کم ہوتے ہی مہنگائی کم ہو جائیگی، عمر احمد

وزیراعظم میاں شہباز شریف پالیسی سے معیشت میں بہتری کے ثمرات عوام تک منتقل ہونا شروع ہو گئے

گندم کے سرکاری نرخوں میں اضافے سے کسانوں کو بڑا فائدہ ہوگا، گندم کی قیمت مقرر ہونے پر کسان خوشحال ہوں گے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) مسلم لیگ ن کے رہنما سٹر عمر احمد منے خان نے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کی وجہ سے پوری دنیا میں مہنگائی ہے جب کشیدگی ختم ہوگی تو مہنگائی از خود ختم ہو جائے گی ایسے حالات کے باوجود حکومت پٹرول کی قیمت میں مڈل کلاس طبقے کو اربوں روپے کی سبسڈی دے رہی ہے - جاری بیان میں ان کا کہنا تھا کہ وزیراعظم میاں شہباز شریف پالیسی سے معیشت میں بہتری کے ثمرات عوام تک منتقل ہونا شروع ہو گئے، گندم کے سرکاری نرخوں میں اضافے سے کسانوں کو بڑا فائدہ ہوگا۔ گندم کی قیمت مقرر ہونے پر کسان خوشحال ہوں گے دوسری طرف وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ہر سطح پر عوام کو آسانیاں و سہولتوں کی فراہمی ترقیاتی منصوبوں پر کام اور دیگر اقدامات کر رہی ہیں- انہوں نے کہا کہ کے پی کے میں پی ٹی آئی کے 13 سالہ کارکردگی ایک سوالیہ نشان ہے حکومت میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 27)

مولانا کو کے پی کے کی عوام مسترد کر چکی ہے، عبدالغفور بٹ

خواجہ محمد آصف اور حکومت کے خلاف مولانا کے بیان پر افسوس ہی کیا جا سکتا ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) مسلم لیگ)ن (سٹی یوتھ ونگ کے سابق صدر و رہنما عبدالغفور بٹ نے جمعیت علمائے اسلام)ف (کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کے بیان پر سخت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ خواجہ محمد آصف اور حکومت کے خلاف مولانا کے بیان پر افسوس ہی کیا جا سکتا ہے، مولانا سے ایسی گفتگو کی توقع نہیں تھی۔ *مولانا کو کے پی کے کی عوام مسترد کر چکی ہے اب وہ پی ٹی آئی کے آلہ کار بن چکے ہیں کل تک یوتھیے مولانا کو کیا کچھ کہتے رہے ہیں آج مولانا بھی انکو اچھے لگنے لگے ہیں

عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے، رانا احمد شہریار

مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کرنے کے لیے اپنا موثر کردار ادا کرے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما و امیدوار پی پی 116 رانا احمد شہر یار خاں، تاجر لیڈر شیخ محمد ہارون، طارق جاجا نے کہا ہے کہ پاکستان ہر سال 27 اکتوبر کو یوم سیاہ کے طور پر مناتا ہے تاکہ دنیا کو یہ پیغام دیا جا سکے کہ کشمیری عوام اب بھی اپنے حق خود ارادیت کے حصول کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں اکتوبر تاریخ کشمیر کا وہ سیاہ دن ہے جب بھارتی افواج نے جموں و کشمیر پر غیر قانونی قبضہ کیا، جو آج تک اقوام متحدہ کی قراردادوں اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی کے طور پر قائم ہے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 26)

بدین سے الخدمت فاؤنڈیشن کی میگا پلانٹیشن ڈرائیو 2026 کا آغاز، سندھ بھر میں لاکھوں پودے لگانے کا ہدف

بدین (این این آئی) الخدمت فاؤنڈیشن ضلع بدین کے زیر اہتمام کلین اینڈ گرین پاکستان مہم کے تحت میگا پلانٹیشن ڈرائیو 2026 کا آغاز بدین سے کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن، حکومت سندھ کے تعاون سے چلنے والے ایف اے ایس پاتھ وے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 23)

اولیا اللہ کے آستانے ہمیشہ علم و حکمت اور ہدایت کا روشن مرکز رہے ہیں، آصف قادری

اولیا کرام کی تعلیمات کا بنیادی مقصد انسان کو اللہ سے جوڑنا اور سنت مصطفیٰ ﷺ کی پیروی ہے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) اولیا اللہ کے آستانے ہمیشہ علم و حکمت اور ہدایت کا روشن مرکز رہے ہیں۔ اولیا کرام کی تعلیمات کا بنیادی مقصد انسان کو اللہ سے جوڑنا اور سنت مصطفیٰ ﷺ کی پیروی ہے۔ صوفیائے کرام نے ہمیشہ محبت، امن، رواداری اور انسانیت سے ہمدردی کا درس دیا۔ ان خیالات کا اظہار ممبر ضلعی امن کمیٹی پروفیسر پیر میاں محمد آصف رضا قادری آستانہ عالیہ منظور آباد شریف برج منڈی میں صوفی پیر منظور احمد نقشبندی رحمتہ اللہ علیہ کے عرس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج کے پرفتن دور میں اولیا کرام کے اسوہ مبارکہ پر عمل پیرا ہونا ہی تمام مسائل کا حل ہے۔



فیصل آباد: آستانہ عالیہ منظور آباد شریف پر حضرت صوفی منظور احمد نقشبندی رحمتہ اللہ علیہ کے عرس کی تقریب سے ضلعی امن کمیٹی، فیصل آباد کے ارکان خطاب کر رہے ہیں۔

مظلوم کشمیریوں کے غم جانے کب ہونگے کم، حمزہ گلزار

فلسطینیوں پر بپا کربلا اور مسلم دنیا کی بے حسی افسوس ناک ہے


فیصل آباد (سٹی رپورٹر) ممتاز سیاسی سماجی شخصیت و نوجوان لیڈر حمزہ گلزار شیخ ایڈووکیٹ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ" مظلوم کشمیریوں کے غم جانے کب ہونگے کم "عالمی طاقتوں کا مسلم کش سامراجی ایجنڈا کب ہوگا ختم، کب ہمارے مسلم حکمرانوں کی سوئی ہوئی غیرت جاگے گی؟ 27 اکتوبر کو دنیا بھر میں مقیم کشمیری بھارتی انتہا پسندی اور انسانیت سوز مظالم کے خلاف یوم سیاہ منا کر عہد کرتے ہیں کہ وہ درندہ صفت بھارتی فوجیوں کا مکروہ چہرہ بے نقاب کرتے ہیں اٹرین مظالم کی پاکستان قوم شدید مذمت کرتی ہے بھارتی مظالم شرم ناک اور قابل مذمت ہیں۔

یونیورسٹی آف لاہور میں گلوبل لائف سائنسز سمٹ 2026ء کا انعقاد، دنیا بھر سے ممتاز سائنس دانوں کی شرکت

لاہور (این این آئی) یونیورسٹی آف لاہور کے انسٹی ٹیوٹ آف مالیکیولر بائیولوجی اینڈ بائیوٹیکنالوجی، فیکلٹی آف سائنسز کے زیر اہتمام دو روزہ گلوبل لائف سائنسز سمٹ 2026ء کا آغاز ہو گیا۔ سمٹ کا موضوع علم کو فروغ دینا، زندگیوں کو بدلنا ہے۔ کانفرنس کے افتتاحی روز قومی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 24)

پی ٹی آئی کو قانون کا راستہ اختیار کرنا چاہئے، شفیق گجر

فسادا ور سڑکوں پر تماشے نہیں لگیں گے پاک فوج دہشت گردی کا مقابلہ کر رہی ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سابق رکن پنجاب اسمبلی چودھری شفیق احمد گجر نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں معاشی استحکام کے ساتھ سیاسی استحکام کی بھی ضرورت ہے سیاسی تناؤ کم کرنے کے لیے حکومت اور اپوزیشن کو ایک ٹیبل پر بیٹھ کر سیاسی اور معاشی حالات معاملات طے کرنے چاہئیں۔ جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے واقعات اور معاشی حالات میں 27 اکتوبر کو پی ٹی آئی لائحہ عمل قابل عمل نہیں ہو سکتا جمہوریت اور آئین کے مطابق دونوں فریقین کو معاملات کا حل تلاش کرنا چاہئے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 25)



فیصل آباد: کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال شورکوٹ کے معائنے کے دوران ادویات کی دستیابی اور ٹائم شیٹ چیک کر رہے ہیں

مصنوعی ذہانت اور سوشل میڈیا کے دور میں انسانی اقدار کا تحفظ اور تعلیمی اصلاحات ناگزیر ہیں، وائس چانسلر جامعہ کراچی

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر برائے جامعات و بورڈز محمد اسماعیل راہو نے کہا ہے کہ تیزی سے ترقی کرتی دنیا میں پاکستان کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے نوجوانوں کو مؤثر کردار ادا کرنا ہوگا۔ معاشرے کی ترقی کے لیے ضروری ہے کہ ذاتی مفادات سے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 28)

نیک لوگوں کی صحبت انسان کی سوچ و کردار اور زندگی بدل دیتی ہے، حافظ محمد ابراہیم نقشبندی

لاہور (این این آئی) معروف روحانی و اصلاحی شخصیت حافظ محمد ابراہیم نقشبندی نے کہا ہے کہ انسان کی زندگی پر اس کی صحبت گہرے اثرات مرتب کرتی ہے اچھی صحبت انسان کو نیکی کی طرف مائل کرتی، برائی سے بچنے کا جذبہ پیدا کرتی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)

اسٹیٹ بینک کا ایس ایم ای قرضوں کیلئے ڈیجیٹل پلیٹ فارم متعارف

یکم نومبر 2026 سے قرضوں کی درخواستیں صرف ایس ایم ای کنیکٹ کے ذریعے وصول ہوں گی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) اسٹیٹ بینک نے ایس ایم ای قرضوں کا حصول آسان بنانے اور شفافیت بڑھانے کے لیے ایس ایم ای کنیکٹ متعارف کروا دیا۔ بینک دولت پاکستان نے ایک مرکزی ڈیجیٹل پلیٹ فارم ایس ایم ای کنیکٹ (SMEConnect) متعارف کروایا ہے، جس کے ذریعے پاکستان بھر میں چھوٹے اور درمیانے درجے کی انٹرپرائزز (ایس ایم ایز) کی قرضوں تک رسائی کو آسان بنایا گیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم اس لنک https://smeconnect.sbp.org.pk/ پر دستیاب ہے،

تنازعہ کشمیر خطے کے عوام اور عالمی امن کیلئے مستقل خطرہ ہے، محمد علی رانا

بھارت یاد رکھے کہ وہ گولیوں کے ذریعے کشمیری عوام کے جذبہ حریت کو کچل نہیں سکتی

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) صدر انجمن تاجران جیولرز ایسوسی ایشن ستیانہ روڈ محمد علی رانا نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ نے کہا ہے کہ بھارت مقبوضہ کشمیر میں بے گناہ کشمیریوں کے ساتھ ایک عرصہ سے درندگی کا کھیل کھیلتے ہوئے انسانی حقوق کی پامالی کر رہا ہے لیکن کشمیری عوام کے جذبہ حریت کو کچل نہیں سکتی ہے نہتی بندوق کی نوک پر کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی جائز جدوجہد کو دبایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان، حکومت بلکہ ملک بھر کی تاجر برادری کشمیری عوام کے موقف کی حمایت کرتی رہے گی کیونکہ بھارت یاد رکھے کہ وہ گولیوں کے ذریعے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 29) تنازعہ کشمیر

مظلوم کشمیریوں کے حق خودارادیت کی بنیادی جدوجہد کو دبایا نہیں جا سکتا، لال حسین

بھارت کا جموں و کشمیر پر غاصبانہ قبضہ عالمی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پیپلز لیبر بیورو کے ڈویژنل جنرل سیکرٹری لال حسین راشد، پی ایل بی کے سٹی صدر سید علی اکبر کاظمی چندے شاہ، سٹی جنرل سیکرٹری ملک عمر حیات سینئر نائب صدر رانا غلام مصطفیٰ، نائب صدر شاہ اقبال فریدی، رانا مزمل حسین و دیگر عہدیداران نے کہا ہے کہ مظلوم کشمیریوں کے حق خودارادیت کی بنیادی جدوجہد کو دبایا نہیں جا سکتا پاکستان و کشمیر لازم و ملزوم ہیں ان کی قربانیاں ضرور رنگ لائے گی کشمیری عوام (باقی صفحہ اندرونی نمبر 34)

حکمران اپنی عیاشیاں اور مراعات کم کریں، ذیشان بابر


تیل کی مارکیٹنگ کمپنیاں بھی اربوں کما رہی ہیں، آئی پی پیز کو اربوں کی ادائیگیاں ہو رہی ہیں



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سابق ضلعی پاکستان تحریک انصاف یوتھ ونگ ذیشان بابر نے کہا کہ حکمران اپنی عیاشیاں اور مراعات کم کریں۔ موجودہ بدترین حالات میں بھی ریفائنریز کے منافع میں ایک سال میں ایک ہزار سے گیارہ سو فیصد تک اضافے ہو رہے ہیں، تیل کی مارکیٹنگ کمپنیاں بھی اربوں کما رہی ہیں، آئی پی پیز کو اربوں کی ادائیگیاں ہو رہی ہیں، لیکن عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جا رہا ہے، حکمران (باقی صفحہ اندرونی نمبر 33)

کشمیر کا مسئلہ صرف کشمیریوں کا نہیں انسانیت اور عالمی انصاف کا ہے

کشمیری عوام کی ثابت قدمی اور انصاف کے لیے غیر متزلزل عزم ہمارے لیے مشعل راہ ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) کشمیری عوام کی ثابت قدمی اور انصاف کے لیے غیر متزلزل عزم ہمارے لیے مشعل راہ ہے، ہم کشمیری عوام کی منصفانہ جدوجہد کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھیں گے، اقوام متحدہ کو غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لینا چاہئے ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی جڑانوالہ کے صدر رائے شہادت خاں کھرل جنرل سیکرٹری عرفان اکرم چٹھہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 31) کا اظہار سابق رکن قومی اسمبلی

بڑھتی مہنگائی اور بے روزگاری نے غریب عوام کی زندگی اجیرن کر دی

ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں بھی ہوش ربا اضافہ عوام کے لیے مزید مشکلات کا سبب بن رہا ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) جنرل سیکرٹری ویسٹ ریجن پنجاب پاکستان تحریک انصاف عذرا نسیم نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی اور بے روز گاری نے غریب عوام کی زندگی اجیرن کر دی ہے، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں بھی ہوش ربا اضافہ عوام کے لیے مزید مشکلات کا سبب بن رہا ہے۔ اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں پہلے ہی پیٹرولیم مصنوعات کے بڑھتے ہوئے نرخوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 32)

مہنگائی کے مزید اضافہ کے ممکنہ اثرات تشویشناک، اسلم بھلی

ضرورت اس امر کی ہے کہ اس حنیہ کو موثر معاشی حکمت عملی میں تبدیل کیا جائے تاکہ موجودہ ناقابل برداشت مہنگائی پر عالمی بحران کے اثرات کم سے کم پڑیں

LPG کو مارکیٹ کے اتار چڑھاؤ پر چھوڑنے کی بجائے فوری طور پر ایک مربوط، فعال اور طویل مدتی ریگولیٹری میکانیزم کے دینا چاہئے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابق نائب صدر، سپریم انجمن تاجران و کریانہ مرچنٹس ایسوسی ایشن گول کریانہ بازار کے صدر حاجی محمد اسلم بھلی، جنرل سیکرٹری شیخ محمد عثمان، سینئر نائب صدر حاجی محمد اشرف، نائب صدر حاجی محمد اکرم، سابق صدر حاجی محمد اشرف، سابق جنرل سیکرٹری حاجی محمد اسلم، حاجی محمد اشرف، حاجی محمد اسلم، حاجی محمد اشرف، حاجی محمد اسلم، حاجی محمد اشرف،